Urdu (Compulsory) Paper – XI (01) (18)

Name

Roll No

1۔ ہر سوال کے سامنے چار دائرے دیے گئے ہیں، صرف صحیح جواب والا دائرہ بھر دیں۔
2۔ دائروں کو شیڈ (بھرنے) کے لئے نیلے یا کالے رنگ کا مارکر استعمال کریں۔
3۔ جواب میں ایک سے زائد دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

Total Marks : 100
Time Allowed: 20 Minutes

Total Time Allowed: 3 Hours
Marks : 20

## SECTION – A

| # | سوال | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نظیر اکبر آبادی کا اصل نام کیا تھا؟ | سید علی محمد | ● سید ولی محمد | سید محمود علی | سید نظیر حسین |
| 2 | مثنوی سحر البیان کے مصنف کا کیا نام ہے؟ | میر حسین | ● میر حسن | میر تقی میر | مرزا غالب |
| 3 | مرزا سلامت علی دبیر کہاں پیدا ہوئے؟ | لکھنؤ | ● دلی | حیدر آباد | بنگلور |
| 4 | الطاف حسین حالی نے کب وفات پائی؟ | 1915 | 1912 | ● 1914 | 1910 |
| 5 | "نصیحت اخلاق" کس کی تصنیف ہے؟ | میر حسن | غالب | اکبر الہ آبادی | نظیر اکبر آبادی |
| 6 | نظم "اخلاص" کے مصنف کا کیا نام ہے؟ | طٰہٰ خان | اکبر الہ آبادی | ● عبدالرحمٰن بابا | میر تقی میر |
| 7 | مولوی صاحب کس محکمہ کے نام درخواست لکھوا رہے تھے؟ | ● تعلیم | صحت | بہبود آبادی | زراعت |
| 8 | ابن انشاء کا اصل نام کیا تھا؟ | شیر احمد جان | ● شیر محمد قیصر | شیر ولی | شیر بہادر |
| 9 | تخت جمشید میں سب سے رفیع الشان محل کس کا ہے؟ | نوشیروان | ● دارا | بزرجمہر | کیکاؤس |
| 10 | "روم: زندہ شہر اور مردہ شہر" کس کی تصنیف ہے؟ | ● جمیل الدین عالی | اشفاق احمد | ڈاکٹر سید عبداللہ | خدیجہ مستور |
| 11 | علامہ اقبال کے والد گرامی کا کیا نام تھا؟ | شیخ نور احمد | ● شیخ نور محمد | شیخ نورالدین | شیخ جمال الدین |
| 12 | ماہر القادری نے کب وفات پائی؟ | ● 13 مئی 1978 | 20 مئی 1978 | 12 مئی 1978 | 10 مئی 1978 |
| 13 | "نعت" کے مصنف کا نام بتائیے۔ | ● محسن کاکوروی | ماہر القادری | حفیظ جالندھری | خواجہ میر درد |
| 14 | سر سید احمد خان کہاں پیدا ہوئے؟ | لاہور | کراچی | ● دلی | حیدر آباد |
| 15 | مجدد الف ثانی نے کس کے عہد میں سختیاں جھیلیں؟ | ● جہانگیر | اکبر | اورنگزیب | بابر |
| 16 | آل انڈیا مسلم لیگ کا قیام کب عمل میں آیا؟ | 1902 | 1903 | 1904 | ● 1906 |
| 17 | ڈاکٹر عبادت بریلوی کب پیدا ہوئے؟ | ● 1920 | 1915 | 1930 | 1925 |
| 18 | پنڈت رتن ناتھ سرشار کہاں پیدا ہوئے؟ | دہلی | لاہور | ● لکھنؤ | کراچی |
| 19 | مشہور ناول "آنگن" کس کی تصنیف ہے؟ | قراۃ العین حیدر | ● خدیجہ مستور | اشفاق احمد | ممتاز مفتی |
| 20 | "خوب صورت بلا" کے مصنف کا کیا نام ہے؟ | ڈاکٹر سید عبداللہ | ● آغا حشر کاشمیری | ابن انشاء | سر سید احمد خان |

eduvision.edu.pk

PR XI (01) 18 Y-366

# اُردو (لازمی) (نیو کورس)

**Inter Part-I**
**(Fresh/Reappear)**

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے 40 منٹ ہیں۔

## سیکشن (ب)

نمبر: 50

سوال-II درجہ ذیل میں سے دس (10) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

(۱) سرسید کے خیال میں کون سی قوم ذلیل اور بے عزت ہو جاتی ہے؟

(۲) سرسید کے خیال میں اصلی غلام کون ہے؟

(۳) نظریہ پاکستان سے کیا مراد ہے؟

(۴) مجدد الف ثانیؒ نے اسلام کی کیا خدمت انجام دی؟

(۵) درج ذیل الفاظ و تراکیب کو جملوں میں استعمال کریں۔
متحدہ قومیت، مستحکم، نقطہ نظر، شکوک و شبہات، نیک نیتی

(۶) معیار زندگی سے کیا مراد ہے؟ اس کو کس طرح بلند کیا جاسکتا ہے؟

(۷) شاعر نے رسول کریمؐ کے کیا کیا اوصاف بیان کیے ہیں؟ ان کی وضاحت کریں۔

(۸) نظم "شہر آشوب" کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(۹) حضرت علی اکبرؓ نے اپنے خطاب میں کیا ارشاد فرمایا؟

(۱۰) نظم "امید" کا خلاصہ لکھیں۔

(۱۱) نظم "نصیحت اخلاقی" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(۱۲) تشبیہ اور استعارے سے کیا مراد ہے؟

(۱۳) "ہما" پرندے کی کیا خصوصیت بیان کی جاتی ہے؟

eduvision.edu.pk

## سیکشن (ج)

نمبر: 30

سوال-III درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔ 10

(الف) "آج شاگرد مدرسے میں بیٹھ کر بیڑی پیتے ہیں۔ چپڑاسی افسروں سے ماچس مانگتے ہیں۔ افسر رشوت لیتے ہیں۔ لیڈر قوم کو دھوکا دیتے ہیں اور لائق شاگرد پوچھتے ہیں۔ "یہ تنظیم کا گلا کس نے غائب کیا مولوی صاحب" ارے گلے تو تمہارے غائب ہونے تھے کم بختو"۔

(ب) "یہاں یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ دنیا میں قومیت کی تشکیل کی دو بنیادیں ہیں: ایک وہ جو مغربی مفکرین نے قائم کی ہے اور دوسری وہ جو رسول مقبولؐ کی قائم کی ہوئی ہے۔ اہل مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں ذرا وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیادیں جغرافیائی حدود پر استوار کیں اور قوم وطن سے بنتی ہے اس نظریے کی وجہ سے دنیا کے انسانوں کے درمیان تباہی کا جو دروازہ کھلا وہ دو عالمی جنگوں کے ہونے سے بخوبی ظاہر ہے۔"

سوال-IV درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔ 10

(الف)
رخِ انور کا ترے دھیان رہے بعدِ فنا
میرے ہمراہ چلے راہِ عدم میں مشعل
صفِ محشر میں ترے ساتھ ہو تیرا مداح
ہاتھ میں ہو یہی مستانہ قصیدہ، یہ غزل

(ب)
یارب! زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے
لوحِ جہاں پہ حرف مکرر نہیں ہوں میں
حد چاہیے سزا میں عقوبت کے واسطے
آخر گنہگار ہوں، کافر نہیں ہوں میں

سوال-V کالج کے پرنسپل کو فیس معافی کی درخواست لکھیں۔ 5

یا

پشاور میں ٹریفک کے مسائل پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔

سوال-VI ایک پرانی سائیکل کی آپ بیتی تحریر کریں۔ 5